روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
# الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

پیر یکم نومبر 2004ء 17 رمضان المبارک 1425 ہجری یکم نبوت 1383 ھش جلد 54-89 نمبر 248

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

''دعا کا سلسلہ ہر وقت جاری رکھو اپنی نماز میں جہاں جہاں رکوع وسجود میں دعا کا موقعہ ہے دعا کرو اور غفلت کی نماز کو ترک کردو۔ رسمی نماز کچھ ثمرات مترتب نہیں لاتی۔'' (ملفوظات جلد 3 صفحہ 176)

یاد رکھو سب سے اول اور ضروری دعا یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو گناہوں سے پاک صاف کرنے کی دعا کرے۔ ساری دعاؤں کا اصل اور جزو یہی دعا ہے۔ (ملفوظات جلد سوم ص 617)

''جس گناہ کے چھوڑنے میں جو اپنے آپ کو کمزور پاوے۔ اس کو نشانہ بنا کر دعا کرے تو اسے فضل خدا سے قوت عطا ہوگی۔''

(ملفوظات جلد 3 صفحہ 622)

''وہ دعا جو اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے وہ بھی انسان کے اپنے اختیار میں نہیں ہوتی انسان کا ذاتی اختیار نہیں کہ وہ دعا کے تمام لوازمات اور شرائط محویت توکل، تبتل، سوز وگداز وغیرہ کو خود بخود مہیا کر لے۔ جب اس قسم کی دعا کی توفیق کسی کو ملتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے فضل کی جاذب ہو کر ان تمام شرائط اور لوازم کو حاصل کرتی ہے جو اعمال صالحہ کی روح ہیں۔''

(ملفوظات جلد 3 صفحہ 389)

''وہ دعا جو معرفت کے بعد اور فضل کے ذریعہ سے پیدا ہوتی ہے وہ اور رنگ اور کیفیت رکھتی ہے۔ وہ فنا کرنے والی چیز ہے۔ وہ گداز کرنے والی آگ ہے۔ وہ رحمت کو کھینچنے والی ایک مقناطیسی کشش ہے۔ وہ موت ہے پر آخر کو زندہ کرتی ہے۔ وہ ایک تُند سیل ہے پر آخر کو کشتی بن جاتی ہے۔ ہر ایک بگڑی ہوئی بات اس سے بن جاتی ہے اور ہر ایک زہر آخر اس سے تریاق ہو جاتا ہے۔ مبارک وہ قیدی جو دعا کرتے ہیں تھکتے نہیں کیونکہ ایک دن رہائی پائیں گے۔ مبارک وہ اندھے جو دعاؤں میں سست نہیں ہوتے کیونکہ ایک دن دیکھنے لگیں گے۔ مبارک وہ جو قبروں میں پڑے ہوئے دعاؤں کے ساتھ خدا کی مدد چاہتے ہیں کیونکہ ایک دن قبروں سے باہر نکالے جائیں گے۔ مبارک تم جب کہ دعا کرنے میں کبھی ماندہ نہیں ہوتے اور تمہاری روح دعا کے لئے پگھلتی اور تمہاری آنکھ آنسو بہاتی اور تمہارے سینہ میں ایک آگ پیدا کر دیتی ہے اور تمہیں تنہائی کا ذوق اٹھانے کے لئے اندھیری کوٹھڑیوں اور سنسان جنگلوں میں لے جاتی ہے اور تمہیں بے تاب اور دیوانہ اور از خود رفتہ بنا دیتی ہے کیونکہ آخر تم پر فضل کیا جائے گا۔ وہ خدا جس کی طرف ہم بلاتے ہیں نہایت کریم و رحیم، حیا والا، صادق وفادار، عاجزوں پر رحم کرنے والا ہے۔ پس تم بھی وفادار بن جاؤ اور پورے صدق اور وفا سے دعا کرو کہ وہ تم پر رحم فرمائے گا۔''

(لیکچر سیالکوٹ۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 222 تا 223)

## خیر طلب کرنے کی جامع دعا

حضرت ابوامامہ باہلیؓ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ہمیں یہ جامع دعا سکھائی۔

اے اللہ ہم تجھ سے وہ تمام خیر و بھلائی مانگتے ہیں جو تیرے نبی محمد ﷺ نے تجھ سے مانگی۔ اور ان تمام باتوں سے پناہ چاہتے ہیں جن سے تیرے نبی محمد ﷺ نے پناہ مانگی۔ تو ہی ہے جس سے مدد طلب کی جاتی ہے۔ پس تیرے تک دعا کا پہنچانا لازم ہے۔ اور سب قدرت اور طاقت تجھے ہی ہے۔

(جامع ترمذی۔ کتاب الدعوات حدیث نمبر 3443)

## حضور انور کے خطبہ کا وقت

برطانیہ کا وقت تبدیل ہونے کی وجہ سے مورخہ 5 نومبر 2004ء سے ایم ٹی اے پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ پاکستانی وقت کے مطابق 5 بجے شام کی بجائے 6 بجے شام نشر ہوا کرے گا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔ (نظارت اشاعت)

## اعلان وصیت کی نئی شرح

وصایا کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر اشاعت وصایا کی غرض سے روزنامہ الفضل کے صفحات بڑھائے جارہے ہیں۔ اس طرح اعلان وصیت کی شرح -/100 روپے کی جارہی ہے۔ لہٰذا جو احباب وصیت کررہے ہیں وہ اعلان وصیت -/100 روپے ادا کریں۔ یکم نومبر 2004ء سے -/100 روپے سے کم ادائیگی قابل قبول نہ ہوگی۔ یہ امر سیکرٹری صاحب مال اور سیکرٹری صاحب وصایا بھی نوٹ فرمالیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

## احمدی طلباء وطالبات متوجہ ہوں

وہ تمام احمدی طلباء وطالبات جو ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے توسط سے پاکستان کے کسی بھی ادارہ سے پی ایچ ڈی پروگرام میں Enrol ہیں وہ مندرجہ ذیل معلومات نظارت تعلیم کو ارسال کریں۔

1۔ نام طالب علم۔ 2۔ مکمل ایڈریس۔ 3۔ مضمون جس میں پی ایچ ڈی کر رہے ہیں۔ 4۔ ادارہ کا نام۔ 5۔ متفرق امور جن میں E-mail بھی شامل ہو۔ یہ تمام معلومات نظارت تعلیم کو اس ایڈریس پر ارسال کریں۔

نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ (ربوہ) 35460 چناب نگر پاکستان۔ فون نمبر 04524212473

E-mail=ntaleem@fsd.paknet.com.pk

(نظارت تعلیم)

☆......☆......☆......☆

# دعوت الی اللہ کے سنہری گر

## پر حکمت نصائح ایمان افروز واقعات

144

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

### نیک نمونہ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 23 مئی 2003ء کے خطبہ جمعہ میں احباب جماعت کو نصیحت فرمائی:۔

''سب سے بڑی دعوت الی اللہ نیک نمونہ ہے۔ اپنی اصلاح کریں اور تمام انسانیت کو آنحضور ﷺ کی حقیقی تعلیم کے نیچے لے آئیں۔''

(الفضل 23 جون 2004ء)

### دین کا منور چہرہ

حضرت چوہدری غلام حسن صاحب ریٹائرڈ اسٹیشن ماسٹر ساکن لوپریوالہ ضلع گوجرانوالہ (وفات 26 دسمبر 1933ء) حضرت مسیح موعود کے مخلص رفقاء میں سے تھے آپ اپنے حالات میں رقم طراز ہیں:۔

''میں مشن سکول میں تعلیم پاتا تھا جب دین حق کی برائیاں جو انجیل پڑھانے والا استاد بیان کرتا تھا اس کے متعلق گھر آ کر اپنی بیت کے مولوی سے دریافت کرتا تھا تو وہ میری تسکین کرنے کی بجائے یہ کہہ دیا کرتا تھا کہ ہم اس لئے تم کو منع کرتے تھے کہ انگریزی نہ پڑھو عیسائی ہو جاؤ گے............ آخر مجبور کر ہو خاموش ہو جاتا۔ جب طالب علمی کا زمانہ ختم ہو گیا اور ملازمت اختیار کی تو سرسید کی تفسیر اور ترجمہ صحیح بخاری ومسلم خریدی گئیں۔ ان کو پڑھنے سے کچھ معلومات وسیع ہو گئیں اور قرآن کریم کے بار ہامعنے پڑھنے سے علم میں ترقی ہو گئی مگر پوری پوری تسکین نہ ہوئی اسی اثناء میں حضرت مسیح موعود کی تعلیم بھی کانوں میں پہنچی اور جب علماء سے دریافت کیا گیا تو انہوں یہ جواب دیا کہ یہ شخص منسوخ قرآنی آیتوں پر عمل کرتا ہے۔ اب دل میں اور شبہ پیدا ہو گیا کہ قرآن کریم بھی ایسی کتاب ہے کہ اس پر بھی عمل درست نہیں اسی اثناء میں میرے ایک دوست نے ازالہ اوہام ہم کو پڑھنے کے لئے بھیجی جس کو میں نے بڑے غور سے پڑھا میرے بہت سے شکوک رفع ہو گئے پھر اور کتابیں منگا کر پڑھتا رہا۔ جب یہ پڑھا کہ قرآن کریم کا ایک لفظ بھی منسوخ نہیں ہوا اور متشابہات اور محکمات کی بحث کو پڑھا تو دل باغ باغ ہو گیا اور دین حق کا منورہ چہرہ مجھ کو نظر آ گیا تو میں مسیح موعود کے قدموں میں جا گرا اور بیعت کر لی''۔

(الفضل 26/اگست 2002ء)

### سکتہ طاری ہوگیا

مکرم حکیم نظام جان صاحب گوجرانوالہ بیان کرتے ہیں۔

اگرچہ میرے کانوں میں حضرت مسیح موعود کا نام تو پڑ چکا تھا۔ اور یہ مجھے علم تھا کہ پنجاب میں ایک شخص نے مہدی ہونے کا دعویٰ کیا ہے لیکن بچہ ہونے کی وجہ سے میں تفصیل سے واقف نہ تھا۔ یہ 1907ء کی بات ہے۔ میں اس وقت 16 سال کا تھا۔ اور تعلیم کے حصول کے لئے موضع واتہ تحصیل مانسہرہ ضلع ہزارہ کی بیت الذکر میں مقیم تھا۔ وہیں مولوی محمد یامین صاحب ایک پُر جوش احمدی رہتے تھے۔ جو ہر وقت دعوت الی اللہ کیا کرتے۔ اور مجھے کبھی بھی ان کی باتیں سننے یا قریب بیٹھنے کا خیال نہیں آیا۔

ایک روز کسی غیر احمدی سے وہ بیت الذکر کے صحن میں بحث کر رہے تھے۔ وہ غیر احمدی دلائل کے ساتھ بات نہ کر سکا تو اس نے محمد یامین کے دل کو دکھانے کی خاطر۔ مرزا صاحب پر بعض اعتراضات کئے مثلاً انہیں کوڑھ ہے وغیرہ وغیرہ۔

میں اس وقت تک مرزا صاحب کو مانتا ہی نہ تھا۔ میں تو فقط ان دونوں کی باتیں سننے کو پاس کھڑا ہو گیا تھا۔ لیکن مجھے کیا خبر تھی کہ آج قدرت میرے دل اور روح پر کوئی تیر چھوڑنے والی ہے۔ میرے ہوش وخرد پر کوئی روحانی بجلی کوندنے والی ہے۔

محمد یامین نے جب اس ذلیل انسان کی یہ بدزبانی سنی تو انتہائی ضبط وصبر سے وہ اٹھے اور کہنے لگے۔ ''میرے پاس مرزا صاحب کا فوٹو ہے تمہیں میں وہ دکھاتا ہوں۔ دیکھو بھلا انہیں کب کوڑھ ہے۔'' یہ کہہ کر وہ اندر گئے اور بکس میں سے آپ کا پورا فوٹو لا کر اس شخص کے سامنے کر دیا۔ میں بھی اس شخص کی پشت کی طرف کھڑا تھا۔ وہ فوٹو اس شخص کے سامنے نہیں آیا بلکہ میرے بھی سامنے آ گیا۔ اس مبارک شکل کا سامنے آنا تھا کہ مجھ پر سکتہ کی سی کیفیت طاری ہو گئی۔ میری آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں اور میں اس تصویر کی وسعتوں میں کھو گیا۔ وہ مبارک چہرہ۔ وہ پاک شبیہ۔ میری نظروں نے اسے دیکھا اور دل نے کہا کہ یہ شخص کبھی جھوٹا نہیں ہو سکتا۔ یہ شکل فریب نہیں کر سکتی۔ میں نے اگرچہ اظہار تو نہ کیا لیکن دل نے اسی وقت قبول کر لیا کہ جو کچھ یہ شخص کہتا ہے ٹھیک ہے۔ یہی مہدی ہے یہی وقت کا امام ہے۔ مجھے احمدیت میں لانے کا باعث حضور کا فوٹو تھا اور میں نے اس فوٹو کو دیکھ کر کچھ ایسا روحانی اثر محسوس کیا تھا جس نے صداقت کے تسلیم کرنے پر مجھے مجبور کر دیا۔

(بشارات رحمانیہ جلد دوم ص 157)

# اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## سانحہ ارتحال

مکرم سعید احمد سہیل صاحب دارالرحمت غربی ربوہ لکھتے ہیں۔ میرے بہنوئی مکرم ملک بشیر احمد صاحب مورخہ 15/اکتوبر 2004ء کو بوجہ برین ہمبرج بعمر تقریباً 69 سال عزیز فاطمہ ہسپتال فیصل آباد میں پا گئے۔ آپ کی نماز جنازہ اسی دن بعد نماز عصر مکرم چوہدری نصیر احمد صاحب مربی سلسلہ دارالقضاء نے بیت المہدی ربوہ میں پڑھائی اور تدفین قبرستان عام میں ہوئی۔ آپ نے ایک لمبا عرصہ کراچی اور ایران میں سروس کی۔ بعد ازاں ربوہ آ گئے۔ جہاں جماعتی ادارہ جات میں آنریری طور پر خدمات بجالانے کی توفیق ملی۔ مرحوم جہاں بھی رہے جماعت سے گہری وابستگی رکھی۔ بہت مخلص انسان تھے آپ مکرم ملک عمران احمد صاحب اور ملک کامران احمد صاحب ناصر آباد کے والد محترم تھے خاکسار مرحوم کی بلندی درجات کے لئے احباب جماعت سے دعا کی درخواست کرتا ہے۔

## درخواست دعا

مکرم نسیم احمد صاحب راولپنڈی ایجنٹ الفضل کے والد محمد یٰسین صاحب آجکل بیمار ہیں اور فالج کا حملہ ہوا ہے شدید کمزوری محسوس کرتے ہیں۔ احباب جماعت سے کامل شفایابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

شمشاد احمد (واقف نو) ابن مکرم محمود احمد صاحب پاک بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور موٹر سائیکل سے گر گیا تھا۔ جس کی وجہ سے اس کے سر پر شدید چوٹیں آئی ہیں۔ جنرل ہسپتال لاہور میں داخل کروایا گیا۔ آپریشن کر دیا گیا ہے۔ لیکن ابھی تک اسے ہوش نہیں آیا۔ احباب سے اس کی شفایابی کیلئے دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ ہر قسم کی پیچیدگی سے محفوظ رکھے۔

## درخواست دعا

مکرم مرزا محمد لطیف بیگ صاحب ٹاؤن شپ لاہور کو دل کی تکلیف ہے۔ ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی صحت کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

محترمہ بشریٰ نسیم صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ حلقہ نمبر 2 علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے دادا جان مکرم چوہدری فیض احمد صاحب آف چک 22 حمید آباد کی آنکھوں کا آپریشن متوقع ہے۔ احباب جماعت سے ان کی جلد شفایابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## نکاح

مکرم عامر حنیف صاحب کارکن دفتر روزنامہ الفضل تحریر کرتے ہیں کہ میرے دوست مکرم رشید احمد ہندل صاحب ولد مکرم چوہدری خلیل احمد ہندل صاحب ایم ڈی ماڈرن اکیڈمی آف کمپیوٹر اینڈ لینگویج سٹڈیز (MACLS) ربوہ کا نکاح مکرمہ عائشہ ارشد صاحبہ بنت مکرم محمد ارشد گوندل صاحب آف کینیڈا کے ساتھ بعوض مبلغ ایک لاکھ روپے حق مہر پر محترم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر دعوت الی اللہ نے مورخہ 13/اکتوبر 2004ء کو بیت المبارک ربوہ میں بعد از نماز عصر پڑھا۔ مکرم رشید احمد ہندل صاحب چوہدری ظہور احمد ہندل صاحب مرحوم آف چک نمبر 58/1 ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے پوتے اور مکرمہ عائشہ ارشد صاحبہ میاں خدا بخش گوندل صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل میں سے ہیں۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کے لئے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔

## سانحہ ارتحال

مکرم بشارت احمد صاحب دارالعلوم شرقی حال گلگت لکھتے ہیں۔ خاکسار کے والد مکرم فقیر محمد صاحب (کیپٹن الفرقان فورس) مورخہ 20/اکتوبر 2004ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں طویل بیمار رہنے کے بعد انتقال کر گئے آپ اپنے خاندان میں واحد احمدی تھے۔ 1938ء میں بیعت کی اور مرتے دم تک احمدیت پر استقلال سے قائم رہے عمر بھر صعوبتیں برداشت کرتے رہے اپنے گاؤں داتہ ضلع مانسہرہ میں خاندان اور خاندان کے باہر سخت مخالفت کا سامنا کیا۔ مخالفین نے سوشل بائیکاٹ کیا ہوا تھا جس کی وجہ سے اپنے گاؤں کو خیر باد کہہ کر ربوہ ہجرت کی۔

آپ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال گلگت سے سٹور آفیسر ریٹائرڈ ہوئے اور طویل عرصہ سیکرٹری مال گلگت بھی رہے۔ 1990ء میں گلگت سے اپنے گاؤں داتہ شفٹ ہو گئے اور یہاں پر بھی سیکرٹری مال رہے۔ ان کی نماز جنازہ مورخہ 23/اکتوبر 2004ء کو بیت المہدی ربوہ میں مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں بعد از تدفین محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے دعا کروائی۔ ان کی بلندی درجات کیلئے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور اپنے قرب میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

## منکسر المزاج، مستجاب الدعوات اور عالم دین رفیق حضرت مسیح موعود

# سیرت حضرت مولانا شیر علی صاحب کے بعض دلکش پہلو

## ہمدردی خلائق اور وسعتِ حوصلہ آپ کے اخلاق عالیہ کے درخشندہ پہلو تھے

### اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ

ریاض صاحب بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ خاکسار راقم کے چھوٹے بھائی شریف احمد کے ساتھ حضرت مولانا شیر علی صاحب کے صاحبزادے حافظ عبداللطیف صاحب کا کسی بات پر جھگڑا ہو گیا۔ چنانچہ شریف احمد نے گھر آ کر اس واقعہ کا ذکر کیا۔ وہ چونکہ بالکل لڑکپن کا زمانہ تھا۔ اور عمر کے اس دور میں عموماً بچے لڑ جھگڑ بھی پڑتے ہیں۔ اور پھر جلد ہی شکر رنجی کے احساسات دل سے محو ہونے پر باہم کھیلنے میں بھی مصروف ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ہم نے بھی اس واقعہ کو کوئی اہمیت نہ دی۔ اور اسے سمجھا دیا کہ کوئی بات نہیں۔ تمہیں حافظ صاحب سے الجھنا نہیں چاہئے تھا۔ خیر معاملہ رفع دفع ہو گیا۔

اسی روز نماز عصر کے بعد کسی نے ہمارا باہر کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ میں نے کواڑ کھولنے سے قبل ہی اندر سے دریافت کیا کون صاحب ہیں؟ باہر سے ایک دھیمی مگر محبت بھری آواز آئی ''شیر علی''

آن واحد میں میں حیرت و استعجاب کی تصویر بن کر رہ گیا۔ کیونکہ واقعہ کا مجھے علم تھا۔ میں نے باہر حاضر ہو کر مصافحہ کا شرف حاصل کیا۔ اور تکلیف فرمائی کی وجہ دریافت کی وہ سادگی کا پیکر یوں گویا ہوا

''آج لطیف کی شریف احمد کے ساتھ لڑائی ہو گئی تھی۔ میں نے حالات معلوم کئے ہیں زیادتی لطیف کی ہے۔ اس لئے میں معافی مانگنے آیا ہوں''۔

### تہجد کی نماز اور صحت

چوہدری ناصر الدین صاحب لکھتے ہیں کہ برادر محترم ڈاکٹر عبدالاحد صاحب نے ایک دفعہ مجھے بتایا کہ حضرت مولوی شیر علی صاحب نے انہیں ایک خط میں نصیحت فرمائی تھی کہ

''تہجد کا التزام اسی حد تک کرنا چاہئے کہ جس سے صحت پر خاص طور پر برا اثر نہ پڑے۔

اور خط میں قرآن مجید کی اس آیت کو نقل فرمایا تھا۔

یعنے قیام لیل کا اثر انسانی قویٰ پر شدت سے ہوتا ہے اس لئے تہجد پڑھنے کے ساتھ ہی صحت کا بھی ضرور خیال رکھنا چاہئے۔

### پوری زندگی مستقل سجدہ تھی

حضرت ملک غلام فرید صاحب ایم۔ اے تحریر فرماتے ہیں حضرت مولوی شیر علی صاحب کا یہ معمول تھا کہ عشاء کی نماز کے بعد کافی دیر تک بیت مبارک میں نوافل کی ادائیگی میں مصروف رہتے۔ اور رات گئے تک آپ اپنے محبوب حقیقی کے ساتھ راز و نیاز کی دنیا آباد رکھتے۔ اس محویت کے عالم میں کبھی رات کے گیارہ بج جاتے اور کبھی بارہ۔

1921ء کی بات ہے کہ حضرت مصلح موعود کشمیر تشریف لے گئے۔ اور میں حضرت اماں جان اور حضرت سیدہ امتہ الحئی والے مکان میں سکونت پذیر تھا۔ ایک رات میں بارہ بجے کے قریب محلّہ دارالعلوم سے آیا۔ اور دارالمسیح میں داخل ہو رہا تھا۔ کہ میں نے دیکھا حضرت مولوی صاحب اس وقت نوافل وغیرہ سے فارغ ہو کر گھر تشریف لے جا رہے ہیں۔

اس بات کو ایک عرصہ گزر گیا۔ لیکن میرے دل پر حضرت مولوی صاحب کے زہد و تعبد کا ایسا گہرا اثر ہوا کہ جب ایک طویل عرصہ کے بعد میں نصرت گرلز ہائی سکول کا مینیجر مقرر ہوا۔ تو ایک روز حضرت مولوی صاحب کی عبادت گزاری کا ذکر کرتے ہوئے میں نے حضرت مولوی صاحب کی نواسی صفیہ بیگم صاحبہ سے متذکرہ بالا واقعہ کا ذکر کیا۔ اس پر وہ کہنے لگیں کہ آپ سمجھتے ہیں کہ ابا جان کی نماز بیت الذکر میں ہی ختم ہو جاتی ہے۔ باقی نماز تو وہ گھر آ کر پڑھتے ہیں۔ اس پر میں نے سوال کیا کہ مولوی صاحب سوتے کس وقت ہیں؟ وہ کہنے لگیں ہمیں تو علم نہیں سجدے میں سو لیتے ہوں گے۔ غالباً ان کی مراد یہ ہوگی کہ جس وقت تک ہم بیدار رہتے ہیں حضرت مولوی صاحب عبادت میں مصروف نظر آتے ہیں۔ اور جب ہم سو کر اٹھتے ہیں۔ اس وقت بھی آپ آستانہ رب العزت پر ناصیہ فرسا دکھائی دیتے ہیں درمیانی عرصہ میں سوتے ہوں تو ہمیں علم نہیں۔ میرا اپنا تاثر تو یہ ہے کہ

**''حضرت مولوی صاحب کی پوری زندگی درحقیقت ایک مستقل سجدہ تھی''**

### نماز باجماعت کا اہتمام

شیخ فضل احمد صاحب بٹالوی کا بیان ہے کہ ایک دفعہ مجھے مولوی شیر علی صاحب کی رفاقت میں نماز کے لئے بیت مبارک میں جانے کا موقعہ ملا۔ جب ہم وہاں پہنچے تو نماز ختم ہو چکی تھی۔ چنانچہ آپ مجھے اپنے ہمراہ لئے بیت اقصیٰ تشریف لے گئے۔ لیکن وہاں بھی اتفاق سے نماز ہو چکی تھی۔ اب حضرت مولوی صاحب مجھے ساتھ لے کر بیت فضل (جو محلّہ ارائیاں میں تھی) کی طرف چل پڑے۔ وہاں پہنچے تو نماز کھڑی تھی۔ چنانچہ ہم نے نماز باجماعت ادا کی۔ اس طرح مجھے حضرت مولوی صاحب کے نماز باجماعت ادا کرنے کے شوق سے روحانی طور پر ایک خاص لذت محسوس ہوئی۔ اور یہ سبق بھی کہ حتی الامکان نماز باجماعت ادا کی جائے۔

### جذبۂ خدمت

حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی بیان فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ مجھے چوہدری محمد ظفر اللہ خاں صاحب کی کوٹھی واقع لاہور میں رات بسر کرنے کا اتفاق ہوا (ان دنوں چوہدری صاحب لاہور میں ہی وکالت کرتے تھے) سحری کے وقت جب میری آنکھ کھلی۔ تو میں نے دیکھا کہ مولوی صاحب موصوف پانی کا لوٹا لئے میرے سرہانے کھڑے ہیں۔ میں نے پوچھا آپ نے یہ تکلیف کیوں اٹھائی تو مولوی صاحب نہایت سادگی سے فرمانے لگے۔ کہ میں نے خیال کیا آپ کو وضو کرنا ہوگا۔ میں ہی آپ کو پانی لا دوں۔ چنانچہ جب میں حوائج ضروریہ سے فارغ ہو کر آیا۔ تو میں کیا دیکھتا ہوں کہ مولوی صاحب میرے لئے پانی کا دوسرا لوٹا لئے میری انتظار میں کھڑے ہیں۔

### جذبۂ ہمدردی

مکرم بدر سلطان اختر تحریر کرتے ہیں ایک مرتبہ میں بیت اقصیٰ میں نماز کے بعد باہر جانے لگا۔ تو جوتی کو غائب پایا۔ جس سے میں بے حد پریشان ہوا۔ اتنے میں حضرت مولوی شیر علی صاحب بھی تشریف لے آئے فرمایا۔ ''بدر سلطان کیا ڈھونڈ رہے ہو''۔ عرض کیا جوتی کھو گئی ہے۔ فرمانے لگے احتیاط سے نہ رکھی ہو گی۔

مولوی صاحب بھی اس وقت بیت الذکر میں ٹہل رہے تھے۔ میں نے دریافت کیا آپ کس طرح چہل قدمی فرما رہے ہیں۔ فرمانے لگے میری جوتی بھی نہیں ملتی۔ میں اسی وقت آپ کی جوتی کی تلاش میں مصروف ہو گیا۔ ایک پاؤں مجھے بیت اقصیٰ کی سیڑھیوں کے نیچے ملا۔ اور دوسرا گلی کے موڑ پر۔ میں نے دونوں پاؤں لا کر پیش کر دیئے۔ آپ نے جوتی پہن لی۔ اور مجھے فرمایا کہ آپ یہیں ٹھہریں میں ابھی آتا ہوں۔ تھوڑی دیر ہی گزری تھی کہ آپ ایک سائیکل سوار کو ہمراہ لئے تشریف لائے۔ اور اسے پانچ روپے دے کر فرمایا کہ میاں بدر سلطان صاحب کو سائیکل پر سوار کر کے بازار لے جاؤ۔ اور ایک فلیکس کا جوتا خرید دو۔ اگر کچھ زائد قیمت خرچ ہو۔ تو اپنے پاس سے ڈال دینا میں بعد میں دے دوں گا۔ وہ صاحب مجھے دوکان پر لے گئے۔ اور فلیکس کا بوٹ خرید دیا۔ جسے پہن کر میں بے حد مسرور ہوا۔ اور مولوی صاحب کے اخلاق کریمانہ پر میری روح وجد کرنے لگی۔

### ہمدردی خلائق

ملک محمد عبداللہ صاحب کا بیان ہے کہ ایک دفعہ عصر کی نماز کے بعد بیت مبارک سے حضرت مولوی صاحب گھر تشریف لا رہے تھے۔ میں بھی ہمراہ تھا۔ ریتی چھلہ میں بڑ کے درخت سے ذرا آگے بڑھے۔ تو پیچھے سے کسی کے کراہنے کی آواز سنائی دی۔ آپ فوراً واپس مڑے۔ دیکھا کہ محلّہ دارالصحت (قادیان میں جو بھنگی مومن ہو چکے تھے ان کے محلّہ کا نام ہے) کا ایک نومسلم بخار سے تڑپ رہا ہے۔ آپ اس کے پاس گئے۔ اور اسے شفقت بھرے انداز میں اٹھایا۔ اور مجھے فرمانے لگے۔ آپ چلیں میں انہیں ان کے گھر چھوڑ کر آتا ہوں میں نے عرض کیا۔ آپ کیوں تکلیف فرماتے ہیں۔ میں ہی چھوڑ آؤں گا۔ اس پر حضرت مولوی صاحب نے فرمایا کہ پہلے انہیں بھائی محمود احمد صاحب کی دوکان سے دوائی تو لے دیں۔ چنانچہ ہم وہاں پہنچے۔ مریض کو دوائی لے کر دی ہی تھی کہ حضرت مولوی صاحب کا ملازم بازار سے آتا دکھائی دیا۔ میں نے اسے بلایا۔ چنانچہ حضرت مولوی صاحب نے مریض کو اس کے سپرد کر کے تاکید فرمائی۔ کہ ''ان کو احتیاط کے ساتھ ان کے مکان پر چھوڑ آؤ۔''

# احساس خدمت

مکرم مہاشہ فضل حسین صاحب بیان کرتے ہیں کہ قادیان میں عموماً جلسہ اور جلوسوں کے انتظامات میرے سپرد ہوا کرتے تھے۔ ایک دفعہ سیرت النبیؐ کی مبارک تقریب پر جبکہ تمام تر انتظامات مکمل ہو چکے تھے۔ اچانک اطلاع موصول ہوئی کہ حضرت مصلح موعود لاہور میں ہی تقریر فرمائیں گے۔ آن واحد میں یہ خبر قادیان کے طول و عرض میں پھیل گئی۔ پھر کیا تھا شمع خلافت کے اکثر پروانے حضور کی تقریر سننے کے شوق میں لاہور چلے گئے۔

اس طرح بہت سے احباب کے قادیان سے یکدم چلے جانے کے باعث دوسرے روز جلوس کی حاضری میں غیر معمولی کمی محسوس ہونے لگی میں اس سوچ میں ہی تھا کہ حضرت مولوی صاحب تشریف لے آئے (آپ ان دنوں مقامی امیر تھے) اور مجھے خود مل کر فرمایا شیخ صاحب میرے لائق کوئی خدمت ہے۔ یہ سن کر میں بہت شرمسار ہوا۔ لیکن موقعہ کی نزاکت سے فائدہ اٹھانا ہی مناسب سمجھا۔ اور عرض کیا براہ مہربانی ان دوستوں کو جو قادیان میں موجود ہیں اور جلوس میں ابھی شریک نہیں ہوئے۔ ان کو شامل ہونے کی تحریک فرمائیں۔ تا کہ ہمارا جلوس پر رونق ہو جائے۔ یہ سن کر حضرت مولوی صاحب نہایت خندہ پیشانی سے تشریف لے گئے اور خود مختلف محلوں۔ گلی کوچوں۔ دوکانوں اور گھروں سے لوگوں کو تحریک کر کے جلوس میں بھجواتے رہے۔ اور پھر اسی پر اکتفا نہیں کی۔ بلکہ پوری دلجمعی محنت اور کوشش سے جلوس کو ترتیب دینے میں مدد فرمائی اور آخر وقت تک جلوس میں شریک رہے۔

# یتامیٰ کی خبر گیری

ملک محمد اشرف صاحب کا بیان ہے کہ حضرت مولوی شیر علی صاحب یتیموں بے کسوں اور بے سہارا لوگوں کی خدمت کے اہم فریضہ کی انجام دہی اپنی ذات تک محدود نہیں رکھتے تھے۔ بلکہ بعض صاحب حیثیت احباب کو بھی اس کار ثواب میں شریک کرنا ضروری سمجھتے تھے۔ آپ ان سے رقوم وصول کر کے مستحق دوستوں میں تقسیم کر دیتے۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت مولوی صاحب تفسیر القرآن کی طباعت کے سلسلہ میں لاہور تشریف لے جانے لگے تو اس وقت آپ نے میری ڈیوٹی لگائی۔ کہ میں مختلف صاحب حیثیت دوستوں سے کچھ رقم وصول کر کے ایک نہایت ہی غریب مگر مخلص احمدی کے گھر پہنچا دوں۔ جن کی ان دنوں نہایت خستہ حالت تھی۔ چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا۔

# اخلاقی جرأت

مکرم غلام حسین ایاز صاحب تحریر کرتے ہیں کہ غالباً 33/32 کا واقعہ ہے کہ ایک مرتبہ میں اور حضرت مولوی شیر علی صاحب ہمسفر تھے۔ لاہور سٹیشن پر ہم مغرب و عشاء کی نماز با جماعت جمع کر کے پڑھنے لگے۔ تو ایک صاحب جو غیر احمدی معلوم ہوتے تھے۔ وہ بھی ہمارے ساتھ نماز میں شامل ہونے کے لئے تیار ہو گئے حضرت مولوی صاحب نے ان کو دیکھ کر فرمایا کہ ہم لوگ جماعت احمدیہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ آپ کو بعد میں اس امر کا علم ہو کر تکلیف ہو وہ کہنے لگے کوئی حرج نہیں احمدی بھی تو کلمہ گو ہیں۔ میں آپ کے ساتھ نماز پڑھنے میں کوئی قباحت نہیں سمجھتا۔ چنانچہ انہوں نے ہمارے ساتھ مل کر نماز ادا کی۔ میرے دل پر حضرت مولوی صاحب کی اخلاقی برتری کا بہت اثر ہوا کہ آپ نے دوسرے کے احساسات کو ٹھیس نہ لگنے دی۔

# خیال خاطر احباب

حکیم عبدالوہاب عمر صاحب کا بیان ہے کہ 1936ء کی بات ہے جب میں گورنمنٹ کالج لاہور میں تعلیم پا رہا تھا انہی دنوں سر عبدالقادر صاحب کی زیر صدارت ایک Debate میں مجھے بھی حصہ لینا تھا۔ ایوان کی رائے یہ تھی۔

"مختلف مذہبی پیرووں کی آپس میں شادی ہونی چاہئے" لیکن میں ایوان کی رائے کے خلاف تھا۔ چنانچہ میں نے حضرت مولوی شیر علی صاحب کی خدمت میں ایک خط تحریر کیا۔ جس میں دعا کی درخواست کے ساتھ اس موضوع کا بھی ضمناً ذکر کر دیا۔ آپ نے میرے لئے نہ صرف دعا کی۔ بلکہ اس سلسلہ میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم۔ اے سے تبادلہ خیالات کے بعد سات ایسے نکات لکھ بھیجے۔ جو میرے لئے بے حد مفید ثابت ہوئے۔

آپ کے اس جواب پر مجھے ایک روحانی لذت محسوس ہوئی کہ آپ نے ایک طالب علم کے خط کو اتنی اہمیت دی۔ اور پھر احمدیت کے وقار کی خاطر یہ احتیاطی قدم بھی اختیار کیا کہ حضرت میاں صاحب سے مشورہ کے بعد ٹھوس اور قابل قدر معلومات بھجوانے کی تکلیف گوارا فرمائی۔

# نماز میں امامت

مکرم مولانا احمد خاں صاحب نسیم مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ غالباً 1945ء کا ذکر ہے کہ ایک مرتبہ حضرت مولوی صاحب ترجمۃ القرآن انگریزی کے سلسلہ میں ڈلہوزی جا رہے تھے کہ بٹالہ اسٹیشن پر میری آپ سے ملاقات ہوئی۔ صبح کی نماز کا وقت تھا۔ حضرت مولوی صاحب نے اصرار کیا کہ میں صبح کی نماز پڑھاؤں۔ میں نے جب احتراماً انکار کیا تو آپ نے آہستہ سے سرگوشی کے طور پر میرے کان میں فرمایا۔ کہ میں متیمم ہوں۔ اس پر میں نے عرض کیا کہ ہماری متیمم کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے لیکن حضرت مولوی صاحب نے باصرار مجھے ہی امامت کی تاکید فرمائی تو الامر فوق الادب کے مد نظر گریز کا کوئی پہلو نظر نہ آیا۔ جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت مولوی صاحب نے فرمایا کہ ایک مرتبہ جبکہ حضرت مسیح موعود گورداسپور کسی مقدمہ کے سلسلہ میں تشریف لے گئے۔ تو صبح کی نماز حضور نے نہر پر پڑھائی۔ بعد میں جب بھائی محمود احمد صاحب ہمارے پاس قادیان پہنچے۔ تو نہایت مسرت بھرے لہجے میں بیان کیا۔ کہ آج ہم نے حضور کے پیچھے نماز پڑھی ہے۔ حضور نے پہلی رکعت میں آیۃ الکرسی اور دوسری میں سورۃ اخلاص پڑھی تھی۔

# ذوق خدمت

میاں خدا بخش صاحب آف ادرحماں بیان کرتے ہیں کہ حضرت مولوی صاحب ایک دو بھینسیں دودھ دینے والی ضرور گھر میں رکھا کرتے تھے۔ اور آپ کے پاس لسی لینے والے اکثر آ جاتے تھے۔ ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ مولوی صاحب اپنے کمرہ میں کام کر رہے تھے کہ ایک شخص اسی غرض کے لئے آیا تو مولوی صاحب نے خود اٹھ کر لسی لا دی۔ وہ باہر نکلا ہی تھا کہ دوسرا آ گیا علیٰ ہذا القیاس نصف درجن یا اس سے زائد آدمی آئے۔ اور ہر دفعہ حضرت مولوی صاحب خود اٹھ کر اور کام چھوڑ کر جاتے۔ اور لسی لا کر دیتے رہے۔ اور حضرت مولوی صاحب کے چہرہ پر بشاشت نظر آتی تھی۔ لسی لینے والے اکثر کہا کرتے تھے کہ مولوی صاحب ذرا سا نمک ڈال کر لانا۔ اگر بھول جاتے تو دوبارہ نمک لا کر دیا کرتے تھے۔

رپورٹ: طاہرہ شریف صاحبہ

# لجنہ اماء اللہ سوئٹزر لینڈ کا

## 20 واں سالانہ اجتماع

اللہ تعالیٰ کے فضل سے لجنہ اماء اللہ سوئٹزر لینڈ نے دو روزہ سالانہ اجتماع مورخہ 30,29 مئی 2004ء زیورک میں کرایہ پر لئے گئے ایک ہال میں منعقد کرنے کی توفیق پائی۔

نیشنل صدر لجنہ صاحبہ محترمہ قدسیہ میاں صاحبہ کی زیر صدارت اجتماع کا آغاز ہوا۔ تلاوت قرآن کریم نظم اور عہد دہرانے کے بعد لجنہ نے محترم امیر صاحب مکرم طارق ولید تارنسر صاحب کا خطاب بذریعہ لاؤڈ سپیکر خدام الاحمدیہ کے اجتماع گاہ سے سنا جس میں انہوں نے اجتماع کے اغراض و مقاصد بیان کئے اور مفید نصائح سے نوازا اس کے بعد با قاعدہ علمی مقابلہ جات شروع ہوئے ان میں حفظ قرآن، اردو تقاریر، جرمن تقاریر اور کوئز کے مقابلے شامل تھے۔ ممبرات نے بھرپور تیاری اور جوش و جذبہ کے ساتھ ان مقابلوں میں حصہ لیا۔ اسی طرح ناصرات کے علمی مقابلہ جات ہوئے۔ ناصرات نے بہت دلچسپی اور نظم و ضبط کا مظاہرہ کیا۔ اس اجتماع کو مزید بابرکت بنانے کے لئے محترمہ نداء باجوہ صاحبہ نے آنحضرت ﷺ کی مدح میں حضرت مسیح موعود کا عربی قصیدہ ترنم کے ساتھ پڑھا اور محترمہ نیشنل صدر صاحبہ نے اس کا اردو میں ترجمہ کیا۔

دوسرے دن اجتماع کی تہجد اور نماز فجر کے بعد درس قرآن ہوا۔ ساڑھے نو بجے ناصرات کے اجتماع کا پروگرام شروع ہوا جو ایک بجے تک جاری رہا اور بعد دوپہر لجنہ کے مقابلہ جات اور کھیل ہوئے۔ اس کے علاوہ ہلکے پھلکے دلچسپ مزاحیہ کھیل بھی شامل تھے اجتماع میں بعض غیر از جماعت خواتین بھی تشریف لائیں انہوں نے بھی بہت دلچسپی کے ساتھ یہ مقابلہ جات دیکھے اور سنے۔ ان کے لئے جرمن ترجمہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ ضیافت اور دیگر امور کے سلسلے میں خدام الاحمدیہ نے لجنہ کی بہت مدد کی۔ ضرورت کی تمام اشیاء مہیا کرنے کے علاوہ ہال کو بینرز اور پھولوں سے سجایا۔ غرض بڑی سرعت اور مستعدی سے اپنے فرائض انجام دیئے۔ وقفہ طعام میں متفرق اسٹالز بھی لگائے گئے جس میں لجنہ ممبرات نے بہت شوق اور دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس کے علاوہ کتابوں کا سٹال بھی لگایا گیا اور یہ سٹال سب کی توجہ کا مرکز رہا۔

اجتماع کے اختتام پر مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر جو حضور انور کے نمائندہ کے طور پر خدام الاحمدیہ کے اجتماع میں شرکت کے لئے آئے تھے کی تقریر لجنہ کی طرف بھی بذریعہ لاؤڈ سپیکر سنی گئی۔ آخر پر تقسیم انعامات کی تقریب ہوئی۔ مقابلوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی لجنہ و ناصرات کو انعامات اور اسناد دی گئیں۔ دوران سال بہترین کارکردگی پر لجنہ اماء اللہ زیورک نے بہترین لجنہ کا اعزاز حاصل کیا۔ اسی طرح شہر آرگاؤ کی ایک بچی نے بہترین ناصرہ کا اعزاز حاصل کیا۔ دعا کے ساتھ اجتماع اختتام پذیر ہوا۔ الحمد للہ

(الفضل انٹرنیشنل 10 ستمبر 2004ء)

# سب سے بڑا ہاکی سٹیڈیم

نیشنل ہاکی سٹیڈیم لاہور (پاکستان) تماشائیوں کے لئے گنجائش 50000 - 12 فروری 1990ء کو جب ساتویں عالمی کپ ہاکی ٹورنامنٹ کا فائنل پاکستان اور ہالینڈ کے درمیان کھیلا گیا تو تماشائیوں کی تعداد ساٹھ ہزار سے بھی تجاوز کر گئی تھی جو کہ ہاکی کے لئے ایک عالمی ریکارڈ ہے۔

# ہمارا احسن الخالقین خدا۔ رب العالمین

## وہ ہستی جس نے اس قدر عظیم الشان کائنات کو تخلیق کیا خود کس قدر عظمتوں کی حامل ہوگی

محترم پروفیسر طاہر احمد نسیم صاحب

جب ہم اس کائنات کی وسعتوں پر نظر ڈالتے ہیں تو عقل گم ہو جاتی ہے۔ ہماری دانست میں ہماری یہ زمین جس پر ہم رہتے ہیں اتنی وسیع و عریض ہے کہ اس کے گولہ کا قطر ہی آٹھ ہزار میل ہے۔ اس کے اوپر 6 میل سے زیادہ اونچے پہاڑ اور 7 میل سے زیادہ گہرے سمندر موجود ہیں۔ اس کے اندر صرف 60 میل کی گہرائی میں اتنی زیادہ حرارت چھپی ہوئی ہے کہ ہر قسم کی معدنیات اور پتھر وغیرہ پگھلی ہوئی صورت میں ہیں اور جوں جوں نیچے گہرائی میں جائیں یہ حرارت بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ مرکز میں دس ہزار سنٹی گریڈ تک پہنچ جاتی ہے (سٹیل مل جہاں فولاد بھی پانی کی طرح پگھلا ہوا ہوتا ہے وہاں درجہ حرارت صرف سولہ سو درجہ سنٹی گریڈ ہوتا ہے اور جس تنور میں ہم روٹی لگاتے ہیں اس کے اندر چار سو سنٹی گریڈ سے بھی کم) ملکوں کا باہمی فاصلہ ہزاروں میل میں ہے اور اسی طرح سمندروں کی چوڑائی بھی۔ لیکن اس زمین سے قریب ترین ستارہ یعنی ہمارا سورج اتنا بڑا ہے کہ ہماری زمین جیسی لاکھوں اس میں سما جائیں اور اس سورج کا اندرونی درجہ حرارت ایک کروڑ سنٹی گریڈ ہے اور اس سورج کے گرد ہماری زمین جیسے 9 طفیلی سیارے گردش کر رہے ہیں جو اسی سے روشنی اور حرارت حاصل کرتے ہیں اور ان نو سیاروں میں بیشتر ہماری زمین سے کئی گنا بڑے ہیں اور جس طرح ہماری زمین کے گرد گردش کرنے والا ایک چاند ہے ان سیاروں میں سے بعض کے گرد بیس سے بھی زیادہ چاند گردش کرتے ہیں۔ کائنات کے اس اصول کے تحت کہ ہر چھوٹی چیز اپنی سے بڑی قریبی چیز کے گرد گردش کر رہی ہے وہ سورج جس کے گرد اتنے سیارے اور چاند گردش کر رہے ہوں کتنا بڑا ہوگا! ہماری زمین فاصلہ کے لحاظ سے سورج کے گرد گردش کرنے والا تیسرا سیارہ ہے اور اس کا فاصلہ سورج سے نو کروڑ میل ہے۔ آخر پر گردش کرنے والے سیارے پلوٹو کا سورج سے فاصلہ اربوں میل میں ہے اور اس کے باوجود وہ سورج کی کشش کے دائرہ کے اندر واقع ہے اور اس سے روشنی اور حرارت حاصل کرتا ہے۔

## کائنات میں سورج کی حیثیت

لیکن اتنا ہیبت ناک اور عظمت والا سورج کائنات میں موجود دوسرے سورجوں کے مقابل پر ایک ''زرد بونا'' کا نام رکھتا ہے یعنی ان کے مقابل پر سائز میں محض ایک بونا اور حرارت کی کمی کی وجہ سے سفید نہیں بلکہ زرد رنگت کا مالک۔ دوسرے لفظوں میں جو حیثیت ہماری زمین کی سورج کے مقابل پر ہے وہی حیثیت ہمارے سورج کی اس سے قریب ترین دوسرے سورج کے مقابل پر ہے۔ اور ہماری زمین کی طرح ہی یہ ہمارا سورج بمعہ اپنے سیاروں کی فیملی کے اس قریبی سورج کے گرد گردش کرتا ہے۔ لیکن اس ''قریبی'' سورج کا فاصلہ ہمارے سورج سے اربوں کھربوں میل کے حساب سے بیان نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ اس کے لئے نوری سال کی اکائی استعمال ہوتی ہے۔ ایک نوری سال ہے برابر 365x24x60x60x186282 میل کے اور آگے یہ نوری سال بھی لاکھوں کے ہندسہ میں آتے ہیں کہ ہمارا سورج قریبی سورج سے اتنے لاکھ نوری سال کے فاصلہ پر ہے۔ پھر آگے وہ قریبی سورج ہمارے سورج اور اس کی فیملی سمیت اپنے سے بڑے کسی قریبی سورج کے گرد گردش کر رہا ہے اور اس طرح کے کئی سورجوں کی لڑی مل کر ایک کہکشاں کہلاتی ہے اور آگے ان کہکشاؤں کی اپنے سے بڑی کسی کہکشاں کے گرد گردش کرنے کی لڑی شروع ہو جاتی ہے علی ھذا القیاس۔ تو اس طرح پر اس کائنات کی وسعت کا اندازہ کرنے سے ہماری عقل اور ہمارے بڑے سے بڑے سپر کمپیوٹر عاجز ہیں۔ کائنات کی اس لامتناہی وسعت سے ایک طرف خداتعالیٰ کی عظمت و جبروت ظاہر ہوتی ہے کہ وہ ہستی جس نے اس قدر عظیم الشان کائنات کو تخلیق کیا خود کس قدر عظمتوں کی حامل ہو گی تو دوسری طرف اس کا واحد لاشریک ہونا ظاہر ہوتا ہے کہ کائنات کی تمام کہکشاؤں کا کسی ایک مرکز کے گرد گردش کا میلان رکھنے کی وجہ سے یہ ظاہر و باہر ہے کہ بالآخر ایک نقطہ پر پہنچ کر یہ تمام کائنات ایک ہی مرکز کے گرد گردش کرتی کرتی ایک اکائی کا روپ دھار لیتی ہے۔ گویا خداتعالیٰ نے اپنی تخلیق کو ایک اکائی کا روپ دے کر عقل والوں کے لئے اپنی وحدانیت کا ثبوت فراہم کیا ہے۔ اور پھر کائنات کی لامتناہی وسعت پر ہی

بس نہیں ہے بلکہ اس میں اس خلاق اعظم نے ایسا آٹو میٹک نظام وضع کر رکھا ہے کہ نت نئے سورج۔ سیارے اور کہکشائیں پیدا ہوتی جاتی ہیں اور یہ کائنات ہر لحہ مزید سے مزید وسعت اختیار کرتی جا رہی ہے۔ اوریوں سال کے بعد جب کوئی سورج اپنی توانائی تقریباً ختم کر چکتا ہے تو اس کی کشش ثقل کا باہر سے اندر کو دباؤ جو گرم ہائیڈروجن کے پھیلنے سے پیدا شدہ باہر کی طرف کے دباؤ کو متوازن کئے ہوئے تھا کمزور پڑ جاتا ہے جس کے نتیجہ میں سورج کسی غبارہ کی طرح پھولنے لگتا ہے اور اس کا سائز کئی گنا بڑا ہو جاتا ہے یہاں تک کے قریب کے زمین جیسے سیاروں کو بھی نگل لیتا ہے لیکن اس کی توانائی کم پڑ جانے کی وجہ سے اس کا رنگ سفید سے سرخ ہو جاتا ہے اور اس وقت اس کو Red Giant کہا جاتا ہے۔ بالآخر اور زیادہ پھولتے پھولتے وہ کسی غبارے کی طرح پھٹ پڑتا ہے اور اس کا مادہ فضا میں بکھر جاتا ہے۔ جسے Nebula کہا جاتا ہے۔ یہ بکھرا ہوا مادہ لاکھوں نوری سال کے وسیع و عریض علاقے میں موجود ہے اس میں جب کوئی بڑا سورج اپنی گردش کے دوران قریب سے گزرتے ہوئے بے پناہ دباؤ ڈالتا ہے تو وہاں ایک نیا سورج جنم لیتا ہے اور اس طرح چھوٹے بڑے کئی سورجوں کا سلسلہ ایک لڑی کی شکل میں ایک دوسرے کے گرد گردش کرتا ہوا ایک نئی کہکشاں بننے کا باعث ہو جاتا ہے اور یوں نئی سے نئی کہکشاں پیدا ہوتے ہوتے یہ کائنات وسیع سے وسیع تر ہوتی جاتی ہے۔

## تصویر کا دوسرا رخ

خداتعالیٰ نے اپنی تخلیق کے ذکر میں بار بار یہ فرمایا ہے کہ میں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ آسمانوں کی بے پایاں وسعت کے مقابلہ میں بھلا زمین کی کیا حیثیت ہے اور بالفرض کہیں اور جگہ بھی ہماری جیسی زمین موجود ہو تو بھی اس کائنات کی وسعتوں میں ایک یا کئی زمینوں کی کوئی حیثیت نہیں بنتی۔ تو اتنی عالیشان سورجوں اور کہکشاؤں کی تخلیق کا ذکر کرنے کے بعد یہ کہنا کہ میں نے زمین کو بھی پیدا کیا کچھ یوں لگتا ہے جیسے کوئی کسی عالیشان عمارت کا تفصیلی ذکر کرنے کے بعد کہ میں نے اس میں فلاں فلاں زبردست قسم کی چیز پیدا کی ہے پھر یہ کہے اور میں نے اینٹ بھی بنائی ہے۔ ظاہر ہے اس تناظر میں اینٹ کے بنانے کی کوئی خاص قدر و قیمت نہیں ہو گی۔ تو اس طرح آسمانوں کے بعد زمین کی پیدائش کا ذکر کچھ جچتا نہیں تھا۔ لیکن خداتعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اس کائنات کی تخلیق پر غور کرو اور پھر دیکھو کہ اصل بات ہے کیا۔ تو زمین اور اس پر موجود حیات کی مختلف اقسام پر غور کرنے سے معلوم ہوا کہ زمین پر آباد ایک اپنا ہی جہاں ہے جس کی شان کائنات کی باقی تخلیق سے کسی طرح کم نہیں ہے۔ ایک طرف اگر کائنات کی بے انتہا وسعتوں کا Macrocosm ہے تو دوسری طرف زمین پر پائے جانے والی حیات کی باریکیوں اور پیچیدہ اور انتہائی مربوط نظام کا عظیم ترین شاہکار Microcosm ہے جس کی اپنی ہی شان ہے۔ بڑی بڑی عالیشان عمارات اور پل اور سڑکیں بنانے والے انجینئرز کے مقابلہ میں وہ سائنسدان کسی طرح بھی کم قدر و قیمت کے حامل نہیں ہیں جو ایٹم کے اندر چھپی ہوئی طاقتوں کا کھوج لگاتے ہیں یا جینز کی کارکردگی کے بارے میں تحقیق کرتے ہیں۔ تو اس طرح ایک طرف خداتعالیٰ کی بے انتہا پہنائیوں والی کائنات کی تخلیق اور دوسری طرف مادہ کی مرکزی اینٹ۔ ایٹم اور جاندار اجسام کے جینز اصل میں خداتعالیٰ کی تخلیق کی عظمت کے دو رخ ہیں۔ اور اس تخلیق کی عظمت اور بھی بڑھ جاتی ہیں جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ارب ہا ارب مکعب میل کی جسامت کے بڑے بڑے سورج ایٹم جیسی اتنی چھوٹی چھوٹی اکائیوں سے بنائے گئے ہیں کہ ایک سوئی کی نوک پر سینکڑوں کی تعداد میں یہ اکائیاں رکھی جا سکتی ہیں۔

## ایٹم اور جینز کی دنیا

یہ عجیب بات ہے کہ جو نظام ہمیں کائنات کی سب سے بڑی مادی اشیاء سورج اور کہکشاؤں میں کارفرما نظر آتا ہے بالکل اس سے مماثل نظام کائنات کی سب سے چھوٹی چیز ایٹم میں بھی نظر آتا ہے اور دونوں نظام ایک مرکز کے گرد گردش کرتے ہوئے خداتعالیٰ کی وحدانیت کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ سورجوں اور کہکشاؤں کے ایک مرکز کے گرد گھومنے کے بارے میں تو ہم اوپر پڑھ ہی چکے ہیں۔ ایٹم کے مرکز میں بھی نیوٹران اور پروٹان ایک گچھے کی صورت میں واقع ہیں اور الیکٹران ان کے گرد تیزی سے گردش کرتے رہتے ہیں۔ اور جس طرح سورجوں کے درمیان میں ان سورجوں کی جسامت سے اربوں گنا بڑا فاصلہ موجود ہے۔ (اندازہ لگایا گیا ہے کہ بحرالکاہل کے درمیان میں کھڑا کوئی بحری جہاز دوسرے کسی بحری جہاز سے جو دور کسی کنارے پر کھڑا ہو اسی تناسب سے دوری پر ہوگا جیسا کہ ایک سورج دوسرے سورج سے یا جیسا کسی ایٹم کے مرکزے اور الیکٹران میں دوری ہے) اسی طرح ایٹم کے اندر کا خلا الیکٹران اور مرکزے میں موجود نیوٹران اور پروٹان کی کل مادی مقدار سے بے حد و حساب بڑا ہے۔ ایک ٹینس کورٹ کے مرکز میں اگر ٹینس کا گیند رکھ دیا جائے تو وہ ایٹم کے مادے کا حجم اور باقی ساری کورٹ کا رقبہ ایٹم کے اندر کا خلا ہوگا۔ اور پھر کسی مادہ کے اندر پیک کئے ہوئے ایٹموں کا درمیانی فاصلہ بھی خلا ہے۔ جتنے زیادہ قریب قریب یہ ایٹم پیک کئے گئے ہوں گے اتنا ہی زیادہ اس مادہ کا وزن ہوگا۔ اسی لئے کہا جاتا ہے کہ بلیک ہول کے اندر

اتنا زبردست دباؤ ہوتا ہے کہ ایٹم انتہائی زیادہ سختی سے باہم پیک ہوجاتے ہیں اوران کا اندرونی اور درمیانی خلا کم ہوتے ہوتے مادہ کی مقدار اس قدر بڑھ جاتی ہے کہ اگر وہاں سے ایک مکعب انچ کا ٹکڑا لاکر اس کا وزن کیا جائے تو ہزاروں ٹن میں ہوگا! تو ایک طرف سے بے جان مادے کا ایٹم کی انتہائی چھوٹی اکائیوں سے ترتیب پانا اور سورج جیسے بڑے کرہ کی جسامت اختیار کرلینا اور دوسری طرف جاندار اشیاء کا جینز کے مرتب کردہ پروگرام کے تحت نشوونما پاکر حیرت انگیز طور پر ایک دوسری سے مختلف شکلوں اور خواص کا حامل ہوجانا اور انتہائی جامع طور پر باہم مربوط لیکن انتہائی پیچیدہ نظام کے ساتھ اپنے اپنے افعال سرانجام دینا خدائے عزوجل کی تخلیق کے دو رخ ہیں۔ مختلف جانور فہم و فراست سے عاری ہونے کے باوجود جبلی طور پر ایسے ایسے کام کرتے نظر آتے ہیں کہ عقل دنگ اور زبان گنگ ہوجاتی ہیں۔ خشکی کے جانوروں کا ہوا سے جبکہ آبی جانوروں کا پانی سے آکسیجن حاصل کرنے کا نظام۔ پرندوں کا اپنی اپنی ضروریات کے مطابق اڑنے کا انداز۔ اکثر پرندے ہوائی جہاز کی طرح تیز آگے کو اڑتے ہیں مگر ایک جگہ ہوا میں معلق نہیں ہوسکتے جبکہ Humming Bird ایک جگہ معلق ہوکر کسی پھول یا چٹان سے اپنی خوراک حاصل کرسکتی ہے۔ Electric eel ایسی مچھلی ہے جو اپنے جسم پر 170 کے قریب مراکز میں بجلی کی رو پیدا کئے رہتی ہے اور بوقت ضرورت ان تمام مراکز کی بجلی کو باہم ملاکر 500 وولٹ کی زبردست طاقت کا جھٹکا مار کر کسی آدمی یا گھوڑے تک کو ختم کرسکتی ہے۔ نوزائیدہ بچے کا ماں سے دودھ حاصل کرنا۔ ہوا میں اڑنے اور پانی میں تیرنے کی صلاحیت کا مختلف جانوروں کا خودبخود حاصل کرلینا۔ چمگادڑ اور ڈولفن کا کسی ریڈار کی طرح Sonar Waves دشمن سے بچنے اور شکار ڈھونڈنے کے لئے استعمال کرنا۔ گدھوں کا مردار کی تلاش میں میلوں کے رقبہ کو چھاننے کے لئے انتہائی بلندی پر چلے جانا اس علم کے تحت کہ جتنا وہ بلندی پر جائیں گی اتنا ہی ان کا دائرۂ نظر وسیع ہوتا جائے گا۔ شکاری درندوں کا اپنے اپنے شکار کا ہوا چلنے کے مخالف رخ تعاقب کرنا کیونکہ انہیں علم ہے کہ ان کا شکار ہوا کے رخ پر ہونے کی صورت میں ان کی بو پالے گا۔ اور ایسی بے شمار عقل کو حیران کر دینے والی صلاحیتیں۔ یہ تمام تخلیقی عجائبات زمین پر نظر آتے ہیں جن کا ایک ایسا جہان آباد ہے جو کسی طرح بھی ستاروں اور کہکشاؤں کی دنیا سے کم اکمل اور حیرت انگیز نہیں ہے اور اسی لئے خدائے قادر و توانا نے اجرام فلکی کے ساتھ ساتھ زمین کی پیدائش کا ذکر فرمایا ہے۔

## کسی ایک جسم کا اندرونی نظام

پھر مختلف جانوروں کی الگ الگ صلاحیتوں پر ہی بات ختم نہیں ہوجاتی۔ کسی ایک جسم کے مختلف اعضا کی باہم ربط کے ساتھ کارکردگی اتنی احسن و اکمل ہے کہ بڑے سے بڑا سپر کمپیوٹر اس کے پاسنگ کو نہیں پہنچ سکتا۔ کان کا بیرونی آواز کو پردے کے ذریعہ درمیانی حصہ میں منتقل کرنا اور وہاں سے ہڈیوں کے لیور سسٹم کی بدولت آواز کا کئی گنا بلند ہوکر اندرونی پردہ کو مرتعش کرنا۔ اس ارتعاش سے Cochlea کے اندر گاڑھے محلول میں لہروں کا پیدا ہونا اور ان کی لہروں کے زیر و بم کو محسوس کرکے اندرونی بالوں کا بجلی کے Signals کی صورت میں Nerves کے ذریعہ انہیں دماغ کے متعلقہ حصہ تک پہنچانا۔ دماغ کا ان Signals کو واپس آواز میں منتقل کرکے ان کا مطلب اخذ کرنا اور جسم کے متعلقہ حصوں کو اس کے مطابق عمل کرنے کے احکامات جاری کرنا۔ ہم سارا دن باتیں کرتے اور سنتے رہتے ہیں۔ دن میں کروڑوں بار ان سگنلز کا دماغ تک پہنچنا۔ اور ان کو سمجھنا اور ردعمل کرنا اور یہ سب عمل سیکنڈ کے لاکھویں حصہ میں بغیر کسی رکاوٹ کے احسن طریقہ سے ہوتے چلے جانا۔ یہ سب کچھ ہمارے جسم کے صرف ایک حصہ یعنی کان سے متعلق باتیں ہیں۔ ایسا ہی عمل اور زیادہ پیچیدگی سے آنکھ کے بارہ میں بھی ہے۔ علیٰ ھذا القیاس جسم کا ایک ایک عضو اپنی اپنی جگہ پر بڑے سے بڑے سپر کمپیوٹر کی کارکردگی کو شرما رہا ہے اور یہ سارے عمل ہماری زندگی میں ایسے احسن طور سے خودبخود ہوتے چلے جا رہے ہیں کہ ہمیں ان کا احساس ہی نہیں ہوتا کہ ہمارے اندر کتنی عظیم آٹو میٹک مشینری کام کر رہی ہے بلکہ پورے کا پورا پلانٹ لگا ہوا ہے۔ اور لطف یہ کہ انسان کی تیار کردہ مشینری لوہے اور فولاد جیسی مضبوط دھاتوں سے بنی ہونے کے باوجود اس کی عمر ہمارے جسم کی عمر سے کہیں کم ہوتی ہے۔ ہمارا جسم تو ڈھیلے ڈھالے گوشت کے لوتھڑوں سے بنا ہوا ہے جو دو دن سے پہلے گل سڑ کر بدبودار اور خراب ہوجاتا ہے۔ لیکن اس کو محفوظ رکھنے کا ایسا زبردست نظام اندر ہی اندر موجود ہے کہ سو سال سے بھی زیادہ عمر تک یہ جسم کام کرتا چلا جاتا ہے۔ کون سی انسان کی بنی ہوئی مشین ہے جو اتنا لمبا عرصہ چل سکتی ہے؟ گاڑھے مائع سے بنا ہوا ہمارا آنکھ کا عدسہ کسی شفاف ترین دوربین یا کیمرہ کے لینز سے زیادہ طاقتور ہوتا ہے۔ شکاری درندوں اور پرندوں کے گوشت کے مادہ کی قسم سے بنے ہوئے دانت اور پنجے کس طرح چیر پھاڑ دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ جب ہمارے جسم کا کوئی ایک عضو کسی خرابی کا شکار ہوجاتا ہے تو ہمیں احساس ہوتا ہے کہ صحت کی حالت میں وہ عضو کس قدر اعلیٰ کارکردگی کا حامل تھا۔ ایک دفعہ ہمارے ٹیلی ویژن میں یہ خرابی پیدا ہوگئی کہ آن on کرنے سے اس کی سکرین پر جو تصویر آتی تھی وہ پھیلنا شروع کر دیتی تھی اور پھیلتے پھیلتے سکرین سے باہر نکل جاتی تھی مثلاً چہرہ پھیلتے پھیلتے اتنا بڑا ہوجاتا تھا کہ اس کی آنکھیں کان وغیرہ سکرین سے باہر نکل جاتے تھے اور پیچھے دیکھنے کو کچھ نہیں بچتا تھا۔ پتہ چلا کہ ایک خاص پرزہ ہوتا ہے جو تصویر کو ایک حد کے اندر رکھتا ہے وہ پرزہ لگایا تو تصویر ٹھیک آنے لگی تب جاکر ہمیں اس پرزہ کی اہمیت کا احساس ہوا۔ اسی طرح ہمارے جینز ہماری قدرتی صلاحیتوں اور ہماری Pituitary Glands ہماری جسمانی نشوونما کی حدود کا تعین کرتے ہیں۔ اسی طرح ہمارے تمام اعضاء کے مختلف کل پرزے ان کو ٹھیک ٹھیک کام کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ کسی ایک پرزے میں خرابی پیدا ہوجانے کی صورت میں ہمیں اس پرزے کی اہمیت کا صحیح اندازہ ہوتا ہے۔ اور یہ بھی کہ صحت کی حالت میں تمام پرزے کتنی زبردست کارکردگی کے حامل ہیں۔

## انسانی دماغ

